نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

16ستمبر2010ء

برائے فوری اجراء

513/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون:0300-501-2640

سفیر ہالبروک کی جانب سے سیلاب زدہ علاقوں میں امریکی امدادی کارروائیاں جاری رکھنے کا وعدہ

اسلام آباد (16ستمبر 2010ء)___ پاکستان اور افغانستان کیلئے امریکہ کے خصوصی نمائندے رچرڈ ہالبروک نے اس ہفتے سیلاب سے متاثر ہونے والے متعدد علاقوں کا دورہ کیا اور وعدہ کیا کہ اس تباہی کا سامنا کرنے کیلئے پاکستان اکیلا نہیں ہوگا۔

سفیر ہالبروک نے یہ باتیں ملتان میں وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کی جانب سے منعقد کی گئی ایک پریس کانفرنس میں کہیں، جس میں آسٹریلیوی وزیر خارجہ کیون رَڈ بھی شریک تھے۔ اپنے دورۂ ملتان کے دوران رچرڈ ہالبروک حضرت شاہ رکن عالم کے مزار پر بھی گئے۔

سفیر ہالبروک نے امریکہ کی جانب سے سفارتی اور فنڈز جمع کرنے کی فعال کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انسانی ہمدردی کی بنیادوں پر کیا جانے والا یہ عمل ان کے ملک اور پاکستانی عوام کو ایک دوسرے سے ملا رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہم یہ سب اس لئے کر رہے ہیں کہ یہ ایک درست کام ہے، اور ہمیں پاکستانی عوام کا خیال ہے۔

اس وقت امریکہ کی جانب سے فراہم کی گئی امداد کی مالیت 268 ملین ڈالر تک پہنچ چکی ہے، جبکہ سامان کی شکل میں فراہم کردہ معقول اعانت، جس میں ہیلی کاپٹروں کے ذریعہ انجام دی جانے والی کارروائیاں بھی شامل ہیں، اس کے علاوہ ہیں۔ ہالبروک نے کہا کہ امریکہ وقت کے ساتھ ساتھ اپنی امداد میں اضافہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون:2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50ایمپریس روڈ فون:6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8عبداللہ ہارون روڈ فون:5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800